لاہور( )آئی جی محکمہ جیل خانہ جات پنجاب نے فرائض میں غفلت، لاپرواہی ودیگر سنگین نوعیت کی بدعنوانیوں میں ملوث آفیسران وملازمین کونوکری سے برخاست کردیا گیا۔آئی جی میاں فاروق نذیر نے ملازمین کی طویل غیر حاضری پرسروس ضبط اور سالانہ ترقی بھی بند کردی

عبدالمتیم اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ہائی سیکورٹی پریژن ساہیوال کوڈیوٹی میں غفلت اورکوتاہی پرا ایک سال،اولیس شریف اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل لاہور کی دوسال،نذراسماعیل سابقہ وارڈرڈسٹرکٹ جیل پاکپتن کی بغیراطلاع اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضری پر دوسال کی سالانہ ترقی بند کردی گئیں۔مبشر غفار ،مظفر حسین،محمد شفیق وارڈران کوڈیوٹی میں غفلت اورکوتاہی کامرتکب پائے جانے پرنوکری سے برخاست،محمد رؤف سابقہ ہیڈوارڈرڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ کو اپنی ڈیوٹی میں غفلت برتنے کی وجہ سے نوکری سے جبری ریٹائرڈ جبکہ سلیم خان وارڈر کی ڈیوٹی میں غفلت اورکوتاہی کامرتکب پائے جانے پرپانچ سال کی سروس پانچ سال کے لیے ضبط کرنے کی سزاء سنائی۔محمد ارشد ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ وارڈرکواسیران کوممنوعہ اشیا سمگل کرنے کے جرم میں نوکری سے جبری ریٹائرڈ کر دیا۔اسلم مسیح سابقہ خاکروب ریجنل آفس لاہور بغیراطلاع طویل غیر حاضری پرتین سال سروس پانچ سال کے لیے،جبکہ رشید احمد وارڈرڈسٹرکٹ جیل پاکپتن بغیراطلاع طویل غیر حاضری پر تین سال کی سروس ضبط کرنے کی سزاء سنائی۔مرتضی علی سابقہ وارڈرہائی سیکورٹی جیل ساہیوال،غلام مصطفی ریجنل آفس راولپنڈی،جمشید اقبال ڈسٹرکٹ جیل وہاڑی،نواب خان ڈسٹرکٹ جیل اٹک،رفیق مسیح خاکروب ڈسٹرکٹ جیل لاہور،محمد بلال ڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ سابقہ وارڈران اورخاکروب کوبغیراطلاع طویل غیر حاضری پرنوکری سے برخاست کردیا گیا۔شریف مسیح سابقہ وارڈر بورسٹل جیل فیصل آباد،شکیل اختر سابقہ وارڈرسنٹرل جیل فیصل آباد بغیراطلاع طویل غیر حاضری پرنوکری سے برخاست کیا گیا تھا مگر بعدازاں تسلی بخش جواب دینے پرنوکری پربحال کرتے ہوئے دوبارہ انکوائری کرنے کا حکم دیا گیا۔

میاں فاروق نذیر،آئی جی جیل خانہ جات نے محکمہ کے تمام آفیسران واہلکاران کوہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے فرائض منصبی ایمانداری محنت،لگن وجانفشانی کے ساتھ سرانجام دیں انہوں نے مزید کہا کہ کرپشن اوربدعنوانیوں میں ملوث آفیسران واہلکاران کوسنگین سزائیں دی جائیں گی۔

میڈیا کوآرڈینیٹر
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب لاہور

تطہیری نمبری مورخہ

کاپی برائے اطلاع۔

1۔ ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلشن پنجاب لاہور
2۔ تمام اُردو/انگریزی قومی روزنامہ جات اورالیکٹرانک میڈیا۔

میڈیا کوآرڈینیٹر
برائے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات
پنجاب لاہور